F. 6-4 (Edit) /2017 NCPUL Press release

jk"Vh; mn Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099
Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: editor@ncpul.in
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 09/03/2017

کتابوں کی خریداری سے اردو ادیبوں وشاعروں کو حوصلہ ملتا ہے: پروفیسر ارتضیٰ کریم

قومی اردو کونسل میں تھوک خریداری اسکیم کی میٹنگ کا انعقاد

نئی دہلی: قومی اردو کونسل کی یہ اسکیم اردو کے ادیبوں وشاعروں کے لیے بہت اہمیت کی حامل ہے کیوں کہ اس اسکیم سے انھیں کافی حوصلہ ملتا ہے۔قومی اردو کونسل کا یہ مقصد ہے کہ اردو میں معیاری کتابیں زیادہ شائع ہوں اور اردو زبان میں ادب کے علاوہ دیگر موضوعات پر بھی وافر تعداد میں مواد دستیاب ہو۔تھوک خریداری اسکیم کے تحت بھی ہم نے سائنس، سوشل سائنس، طب، عام معلومات، تعلیم وتربیت وغیرہ کے موضوعات پر چھپی کتابوں کو ترجیح دی ہے۔ یہ باتیں قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم نے قومی اردو کونسل میں منعقدہ کتابوں کی تھوک خریداری اسکیم کی میٹنگ میں کہی۔انھوں نے مزید کہا کہ ہم نہ صرف کتابوں کی تھوک خریداری کرتے ہیں بلکہ رسائل وجرائد کی بھی خریداری کی جاتی ہے۔اردو کے پرانے رسائل جو ایک طویل مدت سے شائع ہو رہے ہیں ان کی اشاعت کو جاری رکھنے کے لیے بھی کونسل ایک دوسری اسکیم لانے کی کوشش کرے گی اور اس بابت آئندہ غور وخوض کیا جائے گا۔اس میٹنگ میں اردو، عربی، فارسی کی تقریباً150 سے زائد کتابوں کی تھوک خریداری کو منظوری دی گئی، جن میں تخلیقی ادب، شاعری، سوانح، ادب اطفال، لغات، سائنسی وسماجی علوم، عام معلومات، تنقید وتحقیق اور صحافت کے موضوعات کے علاوہ رسائل و جرائد بھی شامل ہیں۔

میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جناب چندر بھان خیال نے کہا کہ پرانے رسائل ایک کے بعد ایک بند ہوتے جا رہے ہیں اور جو رسائل آج جاری ہیں وہ بھی شدید مالی دشواریوں کا شکار ہیں۔ان کی اشاعت جاری رکھنے کے لیے کونسل کو ضروری اقدامات کرنے چاہیے۔

واضح رہے کہ قومی اردو کونسل اس اسکیم کے تحت پورے ملک سے شائع ہونے والی کتابیں خرید کر ملک کی مختلف لائبریریوں میں بطور ہدیہ ارسال کرتی ہے تاکہ عام اردو قارئین تک یہ کتابیں پہنچ سکیں۔

میٹنگ میں پروفیسر انورالدین، پروفیسر نعمان خاں، پروفیسر علیم اشرف خاں، پروفیسر شفیق اشرفی، جناب چودھری ابن النصیر، ڈاکٹر منظر حسین، ڈاکٹر محمود فیاض، محترمہ صادقہ نواب سحر، حاجی محمد اقبال خاں کے علاوہ قومی اردو کونسل کے پرنسپل پبلی کیشن آفیسر ڈاکٹر شمس اقبال، اسسٹنٹ ڈائرکٹر محترمہ شمع کوثر یزدانی، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر محمد فیروز عالم، محترمہ ساجدہ بیگم، فرح دیبا، اقبال حسین وغیرہ نے بھی شرکت کی۔

(رابطہ عامہ سیل)